## ایم کیوایم نے ملک بھر میں رکنیت سازی مہم کا اعلان کردیا، رکنیت سازی مہم 9 فروری جمعرات سے باقاعدہ طور پر شروع کردی جائے گی

## رکنیت سازی کیلئے ملک بھر میں کیمپس لگائے جائیں گے، انیس احمد قائم خانی

## خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ نے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی کا اعلان کیا ہے یہ رکنیت سازی جمعرات مورخہ 9 فروری 2012ء سے باقاعدہ طور پر شروع کردی جائے گی۔ بدھ کو خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں دیگر اراکین رابطہ کمیٹی کے سید شعیب احمد بخاری، اشفاق منگی، وسیم آفتاب، گلفراز خٹک، کنور خالد یونس، طارق میر، ڈاکٹر صغیر احمد، سید مصطفیٰ کمال، رضا ہارون اور ایم کیوایم کے رہنما عامر خان کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے اس رکنیت سازی کا اعلان کیا اور کہا کہ اب جبکہ ملک کے چپہ چپہ سے لوگ ایم کیوایم میں شمولیت کیلئے مسلسل رابطے کررہے ہیں اور ایم کیوایم کی عوام میں زبردست پذیرائی کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے ملک بھر میں رکنیت سازی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کے تحت ملک بھر میں کیمپس لگائے جائیں گے جہاں حق پرست منتخب نمائندے، ذمہ داران و کارکنان رکنیت سازی کے حوالے سے عوام کی رہنمائی کریں گے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور پیغام کے بارے میں آگاہی فراہم کریں گے۔ ہم ملک بھر کے عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ملک میں حقیقی اور صحیح معنوں میں تبدیلی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں اور حق پرستی کی جدوجہد میں شامل ہوکر ملک کے غریب متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اپنا عملی کردار ادا کریں کیونکہ متوسط و غریب طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگ ہی مسائل سے آشنا ہوتے ہیں اور ان کو حل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غریب و متوسط طبقہ سے جنم لینے والی جماعت ایم کیوایم کو ختم کرنے کیلئے ماضی میں اس کے خلاف ظلم و ستم کا ہر حربہ اختیار کیا گیا اور ملک بھر کے محروم عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھنے کیلئے طرح طرح کی سازشیں کی گئیں اور طرح طرح کے منفی پروپیگنڈے کئے گئے لیکن استحصالی قوتوں کے ان تمام تر ظالمانہ ہتھکنڈوں کے باوجود اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم، قائد تحریک الطاف حسین کی بصیرت افروز قیادت، ہماری تحریک کے شہیدوں کی لازوال قربانیوں اور پرعزم و وفادار کارکنوں کی انتھک جدوجہد، ثابت قدمی اور مستقل مزاجی کے نتیجے میں آج ایم کیوایم نہ صرف سندھ کے شہروں، قصبوں اور گاؤں گوٹھوں میں پھیل چکی ہے بلکہ ایم کیوایم کا پیغام آج صوبہ پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، شمالی و قبائلی علاقہ جات اور آزاد کشمیر کے ہر علاقے میں پھیل رہا ہے اور ملک کے چپہ چپہ کے غریب، مظلوم اور محروم عوام آج قائد تحریک الطاف حسین کی پرعزم، ولولہ انگیز اور بصیرت افروز قیادت میں ایم کیوایم کے پلیٹ فارم پر متحد ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام دیگر تمام جماعتوں کو آزمانے کے بعد اس حقیقت کو اچھی طرح سمجھ گئے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کی واحد جماعت ہے جو جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں کی جماعت نہیں بلکہ وہ غریب متوسط طبقہ کی جماعت ہے۔ ایم کیوایم میں نہ تو موروثی سیاست ہے اور نہ وہ کسی ایک مخصوص خاندان سے جانی پہچانی جاتی ہے۔ ایم کیوایم نے امراء طبقہ کے بڑے ناموں کو نہیں بلکہ غریب و متوسط طبقہ کے صاف ستھرے، ایماندار اور اہل افراد کو ایوانوں میں بھیجا ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کی مقبولیت میں روز بروز تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور ملک کی مختلف سیاسی و سماجی، ادبی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی صاف ستھری شخصیات قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شامل ہورہی ہیں جن کا دامن سیاست کی کرپشن سے پاک ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایسے ہی کرپشن سے پاک لوگوں کے ذریعے ملک میں تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ آج اگرچہ ہر جماعت تبدیلی اور انقلاب کا نعرہ لگارہی ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ بار بار آزمائے ہوئے لوگ نظام میں تبدیلی نہیں لاسکتے اور عوام کی حالت نہیں بدل سکتے۔ ایک سوال کے جواب میں انیس قائم خانی نے کہا کہ بلوچستان کے نامساعد حالات کے باوجود وہاں بھی ایم کیوایم کی رکنیت سازی پورے جوش و خروش سے کی جائے گی، کوئٹہ اور نصیر آباد سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع میں ایم کیوایم کے تنظیمی دفاتر پہلے ہی موجود ہیں اور تنظیمی و تحریکی کام جاری ہے۔ قائد تحریک الطاف حسین ملک کے وہ واحد لیڈر ہیں جو بلوچوں کے حقوق کی بات کرتے ہیں ہمیں امید ہے کہ بلوچستان کے غیور عوام کی طرح ملک بھر کے مظلوم عوام بھی ایم کیوایم میں زیادہ سے زیادہ شمولیت اختیار کرینگے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ رکنیت سازی اور شمولیت کیلئے ایم کیوایم کا اپنا ایک نظام موجود ہے جس کے تحت رکنیت سازی کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ تبدیلی لانے کی بات کرتے ہیں انہیں ہم بتانا چاہتے ہیں کہ اصل تبدیلی ایم کیوایم ہی لاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رکنیت سازی کی دورانیے کی کوئی حد یا تاریخ مقرر نہیں ہے ضرورت یا حالات کے مطابق یا پھر غیر معینہ مدت تک جاری رہے گی۔

## افضاء الطاف انسٹیٹیوٹ آف آئی ٹی اینڈ لینگو یج سینٹر کا افتتاح کر دیا گیا

کراچی:۔۔۔8فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 144 کے تحت افضاء الطاف انسٹیٹیوٹ آف آئی ٹی اینڈ لینگو یج سینٹر کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد کیا گیا،جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل ،کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی و اراکین ،حق پرست رکن صوبائی اسمبلی امام الدین شہزاد ،سیکریٹری آرٹس کونسل پروفیسر اعجاز فاروقی ،پروفیسر ڈاکٹر عقیل برنی ،طلبہ وطالبات اور دیگر معززین نے شرکت کی ۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی رکن واسع جلیل نے کہا کہ آج ایک اور کاوش ایک اور سنگ میل سیکٹر کے بعد یونٹ کی سطح پر ہونے جارہی ہے اور یہ جناب الطاف حسین کا مقصد نوجوانوں کو بیدار کر کے اس قابل کرنا ہے کہ وہ دنیا کے ساتھ ساتھ چل سکیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے گزشتہ ماہ میں ''سائبر انقلاب'' عنوان سے سیمینار منعقد کئے تھے ان سے سینکڑ وطلباء وطالبات کو استفادہ ہوا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک کے طالب علم کسی بھی دوڑ میں پیچھے نہ ہو جس کے لئے کہ طالب علموں کو مواقع فراہم کئے جائیں اور اسی پاکستان سے ارفع کریم رندھاوا جیسی بچی نکلی جس نے دنیا کی مشہور سوفٹ وئیر کمپنی مائیکروسوفٹ کے مالک بل گیٹس کو اس کی تعریف کرنے پر اور ملاقات کرنے پر مجبور کر دیا،آج وہ ہمارے درمیان نہیں ہے لیکن ارفع جیسے ہزاروں بچے پاکستان میں آج بھی موجود ہیں جن کو مواقعوں کی ضرورت ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم یہ چاہتی ہے کے دنیا کے دیگر مما لک طرح پاکستان کو ترقی یافتہ بنایا جائے اور انشاللہ بہت جلد پاکستان ایک ایک مستحکم ملک ہوگا ۔تقریب کے شرکاء سے کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی ،حق پرست رکن صوبائی امام الدین شہزاد ،پروفیسر اعجاز فاروقی ،پروفیسر ڈاکٹر عقیل برنی اور دیگر نے بھی خطاب کیا ۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل نے فیتہ کاٹ کے افضاء الطاف انسٹیٹیوٹ آف آئی ٹی اینڈ لینگو یج سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا اور منتظمین کو خصوصی شیلڈز پیش کیں ۔

## انجینئر ایم ذاکر علی خان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی:۔۔۔8فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے علی گڑھ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری اور سرسید یونیورسٹی کے گورننگ باڈی کے رکن انجینئر ایم ذاکر علی خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔8فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے کارکن فیضان علی کے والد لائق علی انصاری ،سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے کارکن ہارون علی کے والد شجاعت ،فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 محمد علی رانا کی والدہ زبیدہ خاتون اور نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-136 کے مبارک علی کی والدہ نسیم خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

☆☆☆☆☆